https://ataunnabi.com



Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رحمۃ للعالمین ﷺ

کیا یعقوب علیہ السلام نبی نابینا ہوگئے تھے؟

از

شمس المصنفین، فقیہ الوقت، فیضِ ملت، مفسرِ اعظم پاکستان

حضرت علامہ ابوالصالح مفتی محمد فیض احمد اُویسی رضوی علیہ الرحمۃ القوی

نوٹ: اگر اس کتاب میں کمپوزنگ کی کوئی بھی غلطی پائیں تو برائے کرم ہمیں مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس پر مطلع کریں تا کہ اُس غلطی کو صحیح کرلیا جائے۔ (شکریہ)

admin@faizahmedowaisi.com

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

امابعد! عرصہ دس سال پہلے فقیر کے ایک دوست نے اپنے عزیز کی معرفت سوالات بھیجے۔ مختصر جواب بھیج دیا لیکن حضرت یعقوب وحضرت ایوب علی نبینا وعلیہما السلام کے متعلق عوام بلکہ بعض اہلِ علم میں غلط فہمی سمائی ہے۔ ارادہ ہوا کہ اسے مکمل طور پر محقق کیا جائے۔ چنانچہ یہ مختصر رسالہ حاضر ہے اس کا نام رکھا ہے:

"انارۃ القلوب ببصارۃ یعقوب"

عرف

کیا یعقوب علیہ السلام نبی نابینا ہو گئے تھے؟

وماتوفیقی الا باللہ العلی العظیم

وصلی اللہ علی حبیبہ الکریم و علی آلہ و اصحابہ اجمعین

مدینے کا بھکاری

الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی غفرلہٗ

۲۸ شوال ۱۴۲۰ھ بروز ہفتہ

☆.....☆.....☆

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

یعقوب و شعیب علی نبینا علیہما السلام کیا واقعی نابینا تھے؟

حضرت مفتی اعظم شیخ معظم علامہ ابوالصالح شیخ الحدیث والقرآن مدظلہ العالی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکتہ،

یعقوب وشعیب علی نبینا وعلیہما السلام کیا واقعی نابینا تھے؟ نیز زید ایک علاقہ کا واعظ ہے اُس نے ایک واعظ میں بیان کیا کہ سیدنا ایوب علیہ السلام کے جسم پر کیڑے اُمنڈ آتے تھے۔ آپ کے گوشت پوست اور خون سے پرورش پاتے تھے اور کسی وقت کسی کیڑے کو جسم سے گرتا سیدنا ایوب علیہ السلام دیکھ لیتے تو اُٹھا کر پھر جسمِ اطہر پر رکھ دیتے اور فرماتے تیری غذا میرا بدن ہے جس سے وہ خونخوار کیڑے پلتے تھے۔ اُس پر عمرو نے اعتراض کیا اور کہا کسی نبی کے جسم کو درندے کیڑے مکوڑے گزند (دکھ، تکلیف) نہیں پہنچا سکتے اور یہ واقعہ کسی مستند کتاب یا کسی معتبر تفسیر سے ثابت نہیں پھر یہ کہنا ایک کا مقتدا، پیشوا، نبی ایک موذی جانور کو جسم پر برائے اذیت خود اپنے ہاتھ سے مسلط کرے عقل کیسے باور کر سکتی ہے۔

میں نے جواباً کہا حقیقت یہی ہے اجسامِ انبیاء محفوظ عن اذیت الحشرات ضرور ہوتے ہیں لیکن یہ ایوب نبی اللہ پر خصوصی امتحان تھا اس پر نبی کی توہین نہیں بلکہ اظہارِ صبر ہے۔ حضرت عارف باللہ مولانا شیخ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی کتاب پندنامہ میں جسم ایوب علیہ السلام میں فرمایا کہ قوتِ کرماں دادخدا نے امتحاناً اس جسم کو کیڑوں کی روزی بنائی۔

بہرحال گفتگو بہت ہوئی ہم آپ سے استفسار کرتے ہیں یہ قصہ کہاں تک درست ہے؟ آپ اپنی تحقیق انیق کی روشنی میں کسی مستند و معتبر کتاب سے مطلع فرمائیں۔

www.Faizahmedowaisi.com

مسلمانوں کو اس پر کیا عقیدہ رکھنا چاہیے؟

بنوافتوجروا السائل

(مولانا) غلام سرور نشان گلتر،

خطیب جامع مسجد، ضلع سیالکوٹ (پاکستان)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

محترم ومولانا صاحب زید مجدہٗ،

وعلیکم السلام ثم السلام علیکم اما بعد! خط ملا یاد آوری کا شکریہ۔ نفس مسئلہ سمجھنے سے پہلے ایک مقدمہ ذہن نشین رکھیئے۔

(۱) حضرات ساداتِ انبیاء کرام علی نبینا وعلیہم السلام ہر عیب ونقص سے پاک ہوتے ہیں خواہ عیب علمی ہو یا عملی، روحانی ہو یا جسمانی، ظاہری ہو یا باطنی۔ نابینا عیب ہے ظاہر ہے کہ جسم پر کیڑے پڑ جانا بھی ایک نقص ہے بلکہ بہت بڑا اور بُرا عیب ہے۔

(۲) جن روایات میں یہ واقعات آئے ہیں وہ نہایت غیر معتبر وغیر مستند بلکہ اسرائیلیات (روایاتِ کتب سابقہ) ہیں۔

(۳) اسرائیلیات (روایاتِ کتب سابقہ) کی تین اقسام ہیں۔ (۱) معتبر وہ جو شرعِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے موافق ہوں۔ (۲) جائز وہ جو مخالف نہ ہو۔ (۳) صراحۃً مخالف ہو۔ جیسے یہی ان تینوں انبیاء علیہم السلام پر عیوب کا اظہار۔ تفصیل کے لئے دیکھئے "اتقان" وغیرہ اور فقیر نے "احسان البیان، حصہ سوم" میں اسے تفصیل سے لکھا ہے۔

(۴) علم القوائد کی کتب میں ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو ہر عیب سے پاک سمجھنا ضروری ہے چند تصریحات ملاحظہ ہوں۔

(۱) علامہ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نے "نبراس" میں فرمایا:

والصحیح انشاء اللہ تعالیٰ تنزیھم من کل عیب۔

(نبراس، صفحہ 455)

یعنی انشاء اللہ صحیح یہی ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو ہر عیب سے منزہ سمجھنا چاہیے۔

(۲) مسامرہ (علمِ کلام کی نہایت معتبر کتاب) میں مصنف نبوت کے شرائط گناتے ہوئے لکھتے ہیں:

من شروط النبوۃ والسلامۃ من (العیوب المنفرۃ) منھم (کالبرص والجذام)

(المسامرۃ بشرح المسایرۃ، صفحہ 226)

یعنی انبیاء علیہم السلام کا ہر اس عیب سے منزہ سمجھنا ضروری ہے جو نفرت کا موجب ہیں۔ جیسے برص، جزام وغیرہ اور اندھاپن اور کیڑے پڑنا جسم میں عیوب ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

(۴)شفاء شریف حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

الانبياء منزهون عن النقائص فی الخلق، والخلق سالمون من العاهات من المعايب

(مرقاة المفاتيح شرح مشكاةالمصابيح، كتاب صفة القيامةوالجنة الناربا ب بدء الخلق وذكر الانبياء عليهم الصلوٰ ة والسلام، الحاشية رقم : 1: الحديث5706، الصفحه3643)

یعنی انبیاء علیہم السلام خلق اور خلق میں ہر قسم کے عیب سے منزہ اور معائب سے مبرا ہوتے ہیں۔

اسی طرح شرح النوی میں ہے:

ان الانبياء صلوات الله وسلامه عليهم منزهون عن النقائص فی الخلق والخلق سالمون من العاهات والمعايب

(شرح النووی علی صهيح مسلم، الكتاب المهاج شرح صهيح مسلم بن الحجاج از ابو زكريا يحی بن شرف بن مری النووی الطبعة الطبعة الثنية، الجز 15، الصفحة 127)

یعنی انبیاء علیہم السلام خلق اور خلق میں ہر قسم کے عیب سے منزہ اور معائب سے مبرا (بری) ہوتے ہیں۔

والالتفات لمايقع فی التاريخ

یعنی جو کسی تاریخ میں آیا ہے وہ غیر ملتفت ہے یعنی اس کی طرف التفات نہ کیا جائے۔

(زرقانی شرح مواهب لدنيه مطبوعه مصر، جلد5، صفحه 378-377)

اور تفسیر کبیر وغیرہ میں ہے کہ حضرت علامہ سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کہا ہے کہ پیغمبروں پر نابینائی جائز نہیں کیونکہ یہ نقص ہے۔ کوئی پیغمبر نابینا نہیں ہوا حضرت شعیب علیہ السلام کی نسبت جو کہا گیا ہے کہ وہ نابینا تھے سو وہ ثابت نہیں کیونکہ تقدیر ثبوت وہ نابینائی مضر نہیں کیونکہ وہ تحقق نبوت کے بعد طاری ہوئی۔ رہے یعقوب علیہ السلام سو ان کی آنکھوں پر پردہ آ گیا تھا اور وہ دور ہو گیا۔ مشہور یہ ہے کہ پیغمبر صم (بہرہ) نہیں ہوتا۔

(۵) حضرت امام اسماعیل حقی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

وسئل الامام الرستغفنی عن قول بعض الناس ان آدم عليه السلام لما بدت منه تلك الزلة اسود منه جميع جسده فلما اهبط الى الأرض امر بالصيام والصلاة فصام وصلى فابيض جسده أيصح هذا القول قال لا يجوز فی الجملة القول فی الأنبياء عليهم السلام بشء يؤدی الى العيب والنقصان

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

فیھم وقد أمرنا بحفظ اللسان عنھم لان مرتبتھم ارفع وھم علی اللہ أکرم وقد قال علیہ السلام (إذا ذکرت أصحابی فأمسکوا) فلما أمرنا ان لا نذکر الصحابۃ رضی اللہ عنھم بشیء یرجع الی العیب والنقص فلأن نمسك ونکف عن الأنبیاء اولی

(روح البیان، سورہ البقرۃ ،آیت نمبر 120، پارہ 1،الصفحۃ218)

یعنی حضرت امام رستغفی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ ایسے شخص کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں جو کہتا ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش ہوئی تو آپ کا سارا جسم سیاہ ہوگیا۔ پھر جب آپ زمین پر اُترے تو اس کے بعد آپ کو روزہ اور نماز کا حکم ہوا۔ آپ نے روزہ اور نماز ادا فرمایا پھر آپ کا جسم سفید ہوگیا کیا اُس کا یہ قول صحیح ہے؟ آپ نے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کے حق میں ایسے قول نہ کہے جائیں کہ جن میں اُن کا عیب یا نقصان ظاہر ہوتا ہو۔ ہم اُن کے متعلق خاموشی کے مامور ہیں کیونکہ اُن کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت اُونچا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ ہیں۔ نبی اکرم ﷺ تو اپنے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جب میرے صحابہ کا ذکر تمہارے سامنے نقص و عیب کے ساتھ آئے تو تم خاموش رہو۔ جب ہمیں حضور ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے متعلق کفِ لسان (خاموشی) کا حکم ہے تو پھر انبیاء کرام علیہم السلام کے متعلق بطریقِ اولیٰ ہے کہ خاموشی سے کام لیں۔

(روح البیان ترجمہ اُویسی ،مسمی بہ فیوض الرحمن، پارہ ۱)

سوال: اسی" روح البیان ،پارہ ۱۳" تحت آیت

"وَ تَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ یٰۤاَسَفٰى عَلٰى یُوْسُفَ وَ ابْیَضَّتْ عَیْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِیْمٌ"

(پارہ ۱۳،سورۃ یوسف،ایت ۸۴)

ترجمہ: "اوران سے منہ پھیرا،اور کہا ہائے افسوس یوسف کی جدائی پر اور اس کی آنکھیں غم سے سفید ہوگئیں،وہ غصہ کھاتا رہا"۔

تین انبیاء علیہم السلام کو نابینا لکھا ہے وہ حضرات ہیں:

(۱) حضرت اسحاق علیہ السلام (۲) حضرت یعقوب علیہ السلام (۳) حضرت شعیب علیہ السلام۔

جواب: یہاں نابینا ہونے سے عرفی معنی مراد نہیں بلکہ طبی اُصول پر ہے۔ عرف میں نابینا ہونا کسی حادثہ یا امراض وغیرہ سے ہوتا ہے اور ان حضرات کا نابینا ہونا کسی حادثہ سے نہیں تھا بلکہ خدائی خوف کی وجہ سے بکثرت گریہ اتنا ہوا کہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

بینائی میں کمی آ گئی اور طب کی کتب میں ہے کہ کبھی بکثرت گریہ بینائی میں کمی پیدا کرتا ہے اور یہ عیب نہیں اگرچہ انہیں کمی بینائی کی وجہ سے نابینا کیا گیا تو کوئی حرام نہیں۔

(۶) امام نووی رحمۃ اللہ علیہ حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ سے نقل کر کے لکھتے ہیں:

أَنَّ الْأَنْبِيَاء صَلَوَات اللَّه وَسَلَامه عَلَيْهِمْ مُنَزَّهُونَ عَنْ النَّقَائِص فِي الْخَلْق وَالْخُلُق ، سَالِمُونَ مِنْ الْعَاهَات وَالْمَعَايِب ، قَالُوا :وَلَا اِلْتِفَات إِلَى مَا قَالَهُ مَنْ لَا تَحْقِيق لَهُ مِنْ أَهْل التَّارِيخ فِي إِضَافَة بَعْض الْعَاهَات إِلَى بَعْضهمْ ، بَلْ نَزَّهَهُمْ اللَّه تَعَالَى مِنْ كُلّ عَيْب ، وَكُلّ شَيْء يُبَغِّضُ الْعُيُون ، أَوْ يُنَفِّرُ الْقُلُوب .

(شرح النووی علی مسلم،الباب من فضائل موسی علیه السلام،الجزء 8، الصفحة 102، رقم 4373)

یعنی بے شک انبیاء علیہم السلام خلق ظاہری جسم اور خلق باطنی عادات کے نقائص سے منزہ ہوتے ہیں۔ بیماریوں اور عیوب سے سالم (محفوظ) ہوتے ہیں اور جن لوگوں نے بلا تحقیق اُن کی طرف نقائص وعیوب منسوب کئے ہیں ان کا کوئی اعتبار نہیں بلکہ وہ ہر عیب سے پاک ہوتے ہیں بلکہ ان اُمور سے بھی پاک ہوتے ہیں جو بظاہر لوگوں کی آنکھوں میں اچھا نہ لگے اور ان سے دلوں کو نفرت ہو۔

(۷) حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ نے "مدارج النبوۃ" میں لکھا ہے کہ علامہ سبکی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام پر نابینائی یعنی آنکھوں کی روشنی کا زائل ہو جانا بھی جائز نہیں اس لئے کہ یہ نقص وعیب ہے اور کوئی نبی بھی اعمی ونابینا کبھی نہیں ہوئے۔ (مدارج النبوۃ، جلد 1، صفحہ 252)

اس کے بعد مخالفین کا وہم زائل فرماتے ہیں۔

ازالۂ وھم: اور وہ جو حضرت شعیب علیہ السلام کے بارے میں مذکور ہے وہ ثابت نہیں ہے اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی چشم مبارک پر پردہ آ گیا تھا جس نے روشنی کو ڈھانپ لیا تھا۔

(۸) امام فخرالدین رازی کا استدلال: امام فخرالدین رازی قدس سرہٗ "ابْيَضَّتْ عَيْنٰه" کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ اُن پر گریہ وبکا غالب ہو گیا اور غلبۂ گریہ وبکاء کے وقت ان کی آنکھوں میں بہت پانی آ جاتا گویا کہ وہ سفید ہو گئیں اور وہ سفیدی پانی سے تھی۔

تائید مزید: یہ اس قول کی صحت پر دلیل ہے کیونکہ غلبۂ بکا میں غم اثر انداز ہوتا ہے نہ کہ بینائی ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ علماء کا اختلاف ہے کہ وہ کلیتہً نابینا ہو گئے تھے بعد ازاں حق

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص مبارک کی برکت سے بصارت واپس لوٹا دی تھی۔ بعض کہتے ہیں کہ کثرتِ بکاؤ حزن سے اُن کی بصارت کمزور ہوگئی تھی اور وہ بصارت کی کمزوری محسوس کرتے تھے۔ پھر جب حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص مبارک اُن کے چہرہ انور پر ڈالی گئی تو اُن کی بصارت قوی ہوگئی اور بصارت کی کمی اور ضعف جاتا رہا۔

(۹) علامہ سبکی علیہ الرحمۃ نے نابینائی کے جائز نہ ہونے کی علت (سبب) اس کا نقص وعیب ہونا قرار دیا ہے تو انبیاء علیہم السلام پر ایسے امراض میں مبتلا ہونا جو نفرت کا موجب ہیں کہ ان اطلاق پر بھی یہ حکم زائل ہے خصوصاً وہ اِبتلا وامتحان جو حضرت ایوب علیہ السلام کے بارے میں عارض ہیں۔ ان کے لئے ایسے مرضوں کی نسبت جو موجب نقص وعیب ہیں جیسے جزام، نابینائی وغیرہ ان سب کی نسبت جائز نہیں ہے کیونکہ امراضِ منافی شانِ نبوت اور موجب نقص ونفرت ہیں۔ انبیاء علیہم السلام ان سے معصوم ہیں۔ اسی طرح حضرت شعیب علیہ السلام کی نابینائی کا قصہ بوجہ عدم ثبوت کے اُن سے اس کی نسبت کرنا سراسر تحکم اور دیدہ دلیری ہے البتہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی بصارت کے بارے میں صحیح ہے اسی لئے حق تعالیٰ نے فرمایا:

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا (پارہ۱۳، سورۃ یوسف، ایت۹۶)

ترجمہ: ”پھر جب خوشی سنانے والا آیا اس نے وہ کُرتا یعقوب کے منہ پر ڈالا اسی وقت اس کی آنکھیں پھر آئیں“۔

مروی ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے چھ سال تک نہیں دیکھا تھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص سے بینائی واپسی آگئی یہ امام فخر الدین رازی کا قول ہے۔

ازالۂ وھم: امام رازی علیہ الرحمہ کی طرح بعض مفسرین کا یا دوسرے حضرات کا ان پر نابینا ہونے کا اطلاق عرفی اعتبار سے نہیں طبی اُصول پر ہے جس کی توجیہ فقیر نے عرض کردی ہے۔

(۱۰) حضرت صدر الافاضل علامہ سید نعیم الدین مراد آبادی علیہ الرحمہ نے آیت ”وَابْیَضَّتْ عَیْنٰهُ“ کے تحت لکھا ہے کہ روتے روتے آنکھ کی سیاہی کا رنگ جاتا رہا اور بینائی ضعیف ہوگئی۔ (خزائن العرفان)

نوٹ: تقریباً اسی طرح اکثر مفسرین اور محدثین اور فقہاء وعلماء ومشائخ نے لکھا ہے۔ اسی پر اکتفا کرتا ہوں ہاں یعقوب علیہ السلام کی بینائی کی کمی کا نکتہ صاحب روح البیان لکھتے ہیں چونکہ وہ ایک مفید مضمون ہے اسی لئے سپردِ قلم کرتا ہوں۔

نکتہ: روح البیان شریف میں ہے کہ

وَابْیَضَّتْ عَیْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ (پارہ۱۳، سورۃ یوسف، ایت۸۴)

یعنی اور اس (حضرت یعقوب علیہ السلام) کی آنکھیں غم سے سفید ہوگئیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

اور یعقوب علیہ السلام کی دونوں آنکھیں سفید ہوگئیں اور ان کے سفید ہونے کا موجب یوسف علیہ السلام کی جدائی سے گریہ اور آنسو بہانا تھا۔

اسی لئے کہ طبی اُصول ہے کہ جب آنکھوں سے آنسو بکثرت نکلیں تو آنکھیں سفید ہو جاتی ہیں جیسے شعیب علیہ السلام کے متعلق مروی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں اتنا روئے کہ نابینا ہو گئے پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے آپ کی بینائی لوٹا دی۔ اسی طرح یعقوب علیہ السلام خوب روئے یہاں تک کہ بصارت چلی گئی یہی قول صحیح تر ہے جیسے فَارْتَدَّ بَصِيْرًا سے معلوم ہوتا ہے۔

ز گریہ بر سر مردم یقیں کہ خانہ چشم
فرورود شب ہجراں از بس کہ بار انست

یعنی لوگوں کا بہت رونا آنکھوں کی بینائی کے چلے جانے کا سبب ہے پھر اُس کا کیا حال ہوگا جو محبوب کے فراق میں ہر وقت آنسوؤں کا مینہ برساتا ہے۔

فائدہ: مروی ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کے فراق میں اسّی (80) سال مسلسل روئے تھے تھوڑے سے لمحے میں بھی آپ کی چشم ہائے مبارک سے آنسو نہیں رُکے اور روئے زمین پر حضرت یعقوب علیہ السلام جیسا اور کوئی بندہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مکرم ترین نہیں تھا۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی چشمانِ مبارک کی بینائی حضرت یوسف علیہ السلام کے فراق واشتیاق سے کیوں چلی گئی؟

جواب: تاکہ اولاد کو دیکھ کر مزید حزن وملال کا اضافہ نہ ہو۔ اس لئے قاعدہ ہے کہ ایک شے کو دیکھنے سے دوسری شے یاد آجاتی ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ ایک قسم کی شفقت اور رحمت تھی۔

جواب ۲: صرف یعقوب علیہ السلام کے اظہارِ رفعت کے پیش نظر۔ اس لئے کہ شہود جمال الٰہی کا مرکز حضرت یوسف علیہ السلام تھے جب وہ اوجھل ہو گئے تو غیروں کو دیکھنا گوارا تھا نہیں اس لئے بینائی کو بھی روپوش کر لیا گیا۔ جب یوسف علیہ السلام مل گئے تو بینائی بھی لوٹا دی گئی۔ (روح البیان)

نابینا حضرات کے فضائل: نابینا حضرات مایوس نہ ہوں کہ ہم عیبی ہیں بلکہ میرا مشورہ ہے کہ آپ یہ تصور کریں کہ آزمائشِ الٰہی میں ہیں اس میں ہم کامیاب ہوئے تو قیامت میں آپ سے بڑھ کر کوئی سعادت مند نہ ہوگا۔

حدیث قدسی: حضرت جبریل علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے روایت کر کے فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

جبریل اُس بندے کی جزا کیا ہونی چاہیے جس کی آنکھیں چھین لی جائیں۔ جبریل علیہ السلام نے عرض کی یا اللہ ہمیں کیا معلوم ہم تو اس قدر جانتے ہیں جس قدر تو نے ہمیں علم عنایت فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اُس کی جزا یہ ہے کہ وہ شخص ہمیشہ میرے گھر میں رہ کر میرے چہرہ اقدس کو دیکھتا رہے یعنی وہ دیدارِ الٰہی سے سرفراز ہو۔ (روح البیان ،پارہ ۱۳)

حدیث شریف ۲: اللہ تعالیٰ کا دیدار قیامت میں سب سے پہلے نابینا کو نصیب ہوگا۔ چنانچہ امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کشف علوم الاخر میں فرماتے ہیں کہ

فی الحدیث الصحیح اول بایقضی اللہ فیہ الدماء اول من یعطی اللہ اجو رھم الذین ذھبت ابصارھم ینادی یدم القیمہ بالمکفوفین فیقال لھم انتم اجری احق ینظر الینا ثم یستحی اللہ تعالیٰ منھم ویقول لھم اذھبوا الی ذات الیمین ویعقدھم رایتہ وتجعل بید شعیب علیہ السلام فیصیر امامھم ملائکۃ النور مالا یحصی عدد ھم اللہ تعالیٰ یزفونھم کماتزف العروس فیھم بھم علی الصراط کالبرق الخاطف وصغۃ احدھم العبر والحکم کابن عباس ومن ضاھامن الائمھر حمھم اللہ تعالیٰ کلتذکرۃ اللامام القرطبی۔ (البلادو السافرسیوطی)

یعنی صحیح حدیث شریف میں ہے کہ ”قیامت میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ قتلِ ناحق کا فیصلہ فرمائے گا اور قیامت میں سب سے پہلے نابینے حضرات کو اور ان کی طرح ایسے نابینے حضرات کا انعام عطا فرمائے گا جو دنیا میں نابینا ہو گئے تھے۔ قیامت میں نابیناؤں کو اعلان ہوگا کہ سب سے پہلے تم زیادہ مستحق ہو کہ میرا دیدار کرو پھر اللہ تعالیٰ ان سے حیاء فرما کر حکم دیگا کہ تم میری دائیں جانب آجاؤ۔ پھر ایک جھنڈا حضرت شعیب علیہ السلام کے ہاتھ میں دے کر فرمائے گا کہ تم نابینا حضرات کے سردار ہو کر آگے چلو اُن کے ساتھ بے شمار نور کے فرشتے ہوں گے۔ وہ نابیناؤں کو تیز رفتار بجلی سے بھی زیادہ تیز پلِ صراط سے گزار دیں گے لیکن اس سے وہ نابینے مراد ہیں جنہوں نے صبر اور حوصلہ سے زندگی بسر کی ہو جیسے ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہم“۔

فائدہ: نابینا حضرات کی اس سے بڑھ کر اور فضیلت کیا ہوگی کہ قیامت میں سب سے پہلے دیدارِ الٰہی سے سرشار ہوں گے اور سب سے پہلے آرام سے گزر کر بہشت میں تشریف لے جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ کے پیارے: یہ حضرات اللہ تعالیٰ کو اتنے پیارے ہیں کہ اُن کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو خصوصی ہدایات کے طور پر سورۂ عبس کا تحفہ عطا فرمایا۔ جس کی ابتدائی آیات یہ ہیں:

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

عَبَسَ وَ تَوَلّٰی ○ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی ○ (پارہ ۳۰، سورۃ عبس، ایت ۱، ۲)

ترجمہ: ''تیوری چڑھائی اور منہ پھیرا۔ اس پر کہ اس کے پاس وہ نابینا حاضر ہوا''۔

نوٹ: اس آیت کے علاوہ نابینا حضرات کے فضائل وکمالات کے متعلق فقیر کا رسالہ ''باکمال نابینے'' پڑھیئے۔

نبی علیہ السلام کے پیارے: ان آیات کے نزول کے بعد حضور ﷺ نے نابینا حضرات کی حوصلہ افزائی کے لئے حضرت عبداللہ ابن مکتوم (نابینا صحابی جن کے لئے سورۂ عبس نازل ہوئی) کا نبی پاک ﷺ بے حد اکرام فرماتے۔ چنانچہ امام زاہد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ آیتِ ہذا کے نزول کے بعد سرکارِ دوعالم ﷺ نے حضرت عبداللہ ابن مکتوم رضی اللہ عنہ کو بلایا اور اپنی چادر مبارک بچھا کر اس کے اُوپر بٹھایا۔ رسول اکرم ﷺ آپ کی تکریم کرتے تھے جب آپ ﷺ ابن مکتوم کو دیکھتے تو فرماتے:

مرحبا بمن عاتبنی فیه ربی

(تفسیر الجلالین، تفسیر القرطبی، تفسیر البغوی)

یعنی مرحبا یہ وہ ہیں جن کی وجہ سے مجھے اللہ تعالیٰ نے (محبوبانہ) عتاب فرمایا۔

یعنی ''بقاء المحبة۔ میں نے اسے محبوبانہ عتاب سے تعبیر کیا ہے''۔ (اُویسی غفرلہٗ) اور فرماتے رحمۃ اللہ علیہ

هل لك من حاجته

یعنی کوئی حاجت ہو تو بتاؤ۔

ازالۂ وھم: بعض جہلاء نابینا حضرات کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے کہہ دیتے ہیں کہ نابینا کے پیچھے نماز ناجائز ہے۔ یہ کہنے والے عموماً جہلاء ہوتے ہیں۔ ایسی باتوں کا کرنا گناہ ہے کیونکہ شریعت کا مسئلہ غلط بتانا جہنم میں جانے کے مترادف ہے۔

اصل مسئلہ یہ ہے کہ نابینا طہارت میں محتاط اور خود کو صفائی وستھرائی میں رکھے اور بقدرِ ضرورت مسائل کی واقفیت رکھتا ہو اور سنی المذہب ہو تو بلا کراہت نماز جائز ہے۔ سیدنا ابنِ مکتوم نابینا صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور ﷺ نے مدینہ طیبہ میں دو بار نماز کا خلیفہ بنایا جب آپ ﷺ جنگ کے لئے تشریف لے جاتے بعض نے تین بار کا بھی کہا ہے۔

نابینا حضرات کو نا ستاؤ: ہر بیماری ونقص اللہ تعالیٰ کی عطا وانعام ہے۔ اس پر صبر کیا جائے تو سیدھا بہشت بالخصوص نابینا کو اللہ تعالیٰ نے بہشت کی نوید بھی سنائی ہے چنانچہ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ اِذَا

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

ابْتَلَيْتُ عَبْدِی بِحَبِيبَتَيْهِ فَصَبَرَ عَوَّضْتُهُ مِنْهُمَا الْجَنَّةَ يُرِيدُ عَيْنَيْهِ

(صحیح البخاری،التاب المرضی، الباب فضل من ذهب بصره،الجزء 17، الصفحة 391، الحدیث5221)

یعنی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب اپنے بندے کو دو محبوب چیزوں میں مبتلا کرتا ہوں اور وہ اس پر صبر کرتا ہے تو میں ان کے عِوَض انہیں جنت دوں گا فرمایا محبوب چیزوں سے مراد اس کی دو آنکھیں ہیں۔

فائدہ: بینائی نہ ہونا جنت کی بشارت ہے یہ نوید اُس نابینا صاحب کے لئے ہے جو ایمان کی دولت کے ساتھ رسول اکرم ﷺ کی تابعداری سے بھی مالا مال ہو۔

سوچنے کی بات ہے کہ ان حضرات کو اللہ تعالیٰ نے ہی اس حالت میں بنایا ہے تم اُن پر ہنسو یا انہیں ستاؤ تو گویا تم صنعتِ خداوندی کا مذاق اُڑاتے ہو ایسا نہ ہو کہ تم بھی اندھے ہو جاؤ۔

عجوبہ: بچپن میں فقیر کی آنکھوں سے ریشہ بہتا رہتا جو ایک بُرا عیب محسوس ہوتا۔ایک دین دار جاہل نے نفرت سے نہایت متکبرانہ انداز میں کہا یہ لڑکا کون ہے قدرت نے آنکھوں سے دکھایا کہ اُس کا لڑکا پیدا ہوا جس کی آنکھیں موٹی اُبھری ہوئی اور بینائی سے بھی محروم جو اُسے پہلی نظر دیکھتا ڈر جاتا۔

نابیناؤ نہ گھبراؤ: نابینا حضرات بڑے خوش بخت ہیں کہ سب سے پہلے دیدارِ الٰہی پائینگے اور ایسے جواہر قیمتی (اُولیاء) کے ساتھ اُٹھینگے جن کا آج نام سن کر اہلِ دل لوگوں کا جی للچاتا ہے کہ کاش ہم نابینا ہوتے۔ایک مختصر سی فہرست ملاحظہ فرمائیں۔

بزم فیضانِ اویسیہ
www.FaizAhmedOwaisi.com

نابینا بزرگوں کی فہرست

(۱)اشرافِ اقوام سے مندرجہ ذیل حضرات نابینا ہوئے۔

(۱)عبدالمطلب بن ہاشم

(۲)اُمیہ بن عبدشمس

(۳)زہرہ بن کلاب

(۴)مطعم بن عدی

(۲)صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مندرجہ ذیل حضرات نابینا ہوئے ان میں بعض حضور ﷺ کے زمانہ اقدس میں بعض آپ ﷺ کے وصال کے بعد نابینا ہوئے وہ یہ ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

(۱) البراہ بن عازب (۲) جابر بن عبداللہ

(۳) حسان بن ثابت (۴) الحکم بن ابی العاص

(۵) سعد بن ابی وقاص (۶) سعید بن یربوع

(۷) صخر بن حرب ابوسفیان (۸) عباس بن عبدالمطلب

(۹) عبداللہ بن الارقم (۱۰) عبداللہ بن عمر

(۱۱) عبداللہ بن عباس (۱۲) عبداللہ بن عمیر

(۱۳) عبداللہ بن اوفی (۱۴) عتبان بن مالک

(۱۵) عتبہ بن مسعود الہذلی (۱۶) عثمان بن عامر ابوقحافہ

(۱۷) عقیل بن ابی طالب (۱۸) عمرو بن ام مکتوم المؤذن

(۱۹) قتادہ بن نعمان۔ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

ان کے علاوہ: تابعین و تبع تابعین اور آئمہ مجتہدین اور محدثین و مفسرین اور فقہاء و اُولیاء کاملین اور علماءِ کرام اور بے شمار صالحین رحمہم اللہ تعالیٰ نابینا ہوگزرے ہیں۔ جب نابینا حضرات ان کی رفاقت میں جنت کو جارہے ہوں گے تو اُن پر طعن کرنے والے خون کے آنسو بہا کر روئیں گے اور دوسرے بینا لوگ کہیں گے کاش ہمیں بھی ان کی رفاقت نصیب ہوتی۔

عقلی دلیل: قرآن مجید سے بڑھ کر کوئی کلام بڑھ کر فصیح و بلیغ نہیں اسی لئے آیت میں ابْيَضَّتْ ہے عَمِيَتْ نہیں اور قرآن مجید و عمیت لانے میں کوئی شے مانع نہیں ہوسکتی۔ اسی لئے ابیضت عیناہ ہمارے مؤقف کی تائید کے لئے کافی ہے کیونکہ ابیضا من ابعین آنکھوں کا سفید ہوجانا بینائی کے منافی نہیں۔ ایک صحابی کی کسی وجہ سے آنکھیں سفید ہوگئیں تھیں لیکن بینائی بحال تھی یونہی بہت سے لوگوں کی آنکھیں سفید ہوتی ہیں لیکن ان میں بینائی موجود ہوتی ہے۔ اسّی نوے (80/90) سال کی عمر کے بوڑھوں کی عموماً آنکھیں سفید ہوجاتی ہیں لیکن بینائی موجود ہوتی ہے اگرچہ کمزور و ضعیف سہی یہی ہم کہتے ہیں حضرت یعقوب علیہ السلام بالکل نابینا نہیں ہوئے صرف بینائی میں ضعف ہوگیا اور ضعیف البصر کو اندھا نہیں کہا جاسکتا۔

سوال: فَارْتَدَّ بَصِيرًا تو آنکھیں پھر آئیں۔ ارتداد کے لفظ سے ثابت ہوتا ہے کہ نابینا تھے تو بصیر ہوئے کیونکہ ارتداد اصلی حالت سے ہٹ جانے کو کہا جاتا ہے اسی لئے مرتد از دین کو مرتد کہا جاتا ہے کہ وہ دین سے ہٹ جاتا ہے جو کہ انسان کی اصلی فطرت ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

جواب: ارتد کی اصلی حالت کا تعلق بَصِیْر سے ہے لفظ بَصِیْرًا ہے ہمارے مؤقف کا مؤید ہے وہ یوں کہ بَصِیْرًا (قوی البصارت) کو کہا جاتا ہے یعنی یعقوب علیہ السلام اپنی اصلی حالت یعنی قوی البصارت پر آ گئے۔ اس سے واضح ہوا کہ قوی البصارۃ تب ہوئے جب وہ ضعیف البصارۃ تھے ورنہ اسے بَصِیْرًا سے لانے کی کیا ضرورت ہے۔ بلیغ قرآن مجید دوسرا ایسا لفظ بھی لا سکتا تھا جو حضرت یعقوب علیہ السلام کے نابینا ہونے پر صراحۃً دلالت کرتا ہے۔

سوال: بعض شارحین اور مفسرین نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو نابینا واضح طور لکھا ہے کیا وہ لوگ قرآن وحدیث فہمی میں تمہارے سے کم تھے؟

جواب: فقیر اس کی توجیہہ پہلے عرض کر چکا ہے کہ اُن کی مراد طبی نابینا ہے نہ کہ عرفی ورنہ دوسرے مفسرین ومحدثین کو غلط کہنا پڑے گا پھر ہم کہے سکتے ہیں کہ وہ قرآن وحدیث فہمی میں دوسرے مفسرین ومحدثین سے کچھ کم نہ تھے۔

جواب ۲: بعض مفسرین ناقلین ہوتے ہیں کہ اسرائیلیات (وہ باتیں جو بنی اسرائیل یعنی یعودیوں سے بکثرت منقول ہیں) کی نقول تفاسیر میں عام ہیں اور اسرائیلیات کے بارے میں مختصراً فقیر نے اس رسالہ میں عرض کر دی اور تفصیل فقیر کی "احسن البیان، جلد سوم" میں پڑھیئے۔

حضرت ایوب علیہ السلام: آپ جلیل القدر پیغمبر علیہ السلام ہیں۔ ہر نبی عیب سے پاک ہوتا ہے جیسا کہ یعقوب علیہ السلام کے جوابات میں گزرا۔ اگر بفرضِ محال ایسے ہو جیسے سوال میں ہے تو اس میں حکمتِ ربانی ہے اس کی حکمت صاحبِ روح البیان نے "پارہ ۱۷" آیت مَسَّنِیَ الضُّرُّ کے تحت لکھی۔

وَ اَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

(پارہ ۱۷، سورۃ الانبیاء، ایت ۸۳)

ترجمہ: "اور ایوب کو (یاد کرو) جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے تکلیف پہنچی اور تو سب مہر والوں سے بڑھ کر مہر والا ہے"۔

ریشم کے کیڑے میں نبوت کے فیوض و برکات: بعض بزرگوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ رذیل ترین مخلوق کیڑے کی شان بلند ہوئی تو اسے حضرت ایوب علیہ السلام کے جسم اطہر سے چمٹنے کا موقعہ بخشا تا کہ ارزل سے اشرف اور انقص سے اکمل ہو جائیں جیسے یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ میں جگہ دے کر شرافت اور بزرگی سے ہمکنار فرمایا ایسے ہی کیڑے نے ایوب علیہ السلام کی صحبت سے رذالت سے شرافت پائی کہ جب وہ ایوب

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

علیہ السلام کے جسمِ اطہر سے گرے تو درخت پر چڑھے تو ان کے لعاب سے اب ریشم نکلا اور اس کی قدر و قیمت سب کو معلوم ہے اور اس کی یہ قدر و قیمت کیڑے کی ذاتی نہیں بلکہ نبوت کے فیوض و برکات کا کرشمہ ہے۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا:

گلی خشبوئی در حمام روزی
رسید از دست محبوبی بہ دستم
بدو گفتم: کہ مشکی یا عبیری؟
کہ از بوئی دلآویز تو مستم
بگفتا: من گلی ناچیز بودم
ولیکن مدتی با گل نشستم
کمال ہمنشین در من اثر کرد
وگرنہ من ہمان خاکم کہ ہستم

یعنی (۱) ''حمام کی خوشبودار مٹی مجھے محبوب کے ہاتھ سے ملی۔

(۲) میں نے اسے کہا کہ تو مشک ہے یا عنبر کہ تیری دل لوٹنے والی خوشبو سے مست ہو گیا ہوں۔

(۳) کہا میں ایک مٹی ناچیز ہوں لیکن گلاب کے ساتھ ایک عرصہ گزارنے کا مجھے موقع نصیب ہوا ہے۔

(۴) ہمنشین کے کمال نے مجھ میں اثر فرمایا ورنہ میں تو وہی مٹی ہوں جیسا کہ سب کو معلوم ہے''۔

تبصرہ اویسی غفرلہٗ: اگر کیڑے پڑ جانے کی روایات کو تسلیم کر لیا جائے تو اس میں ایوب علیہ السلام کی رفعت الشان اور افضل و کمال کی دلیل ہے۔ (وھوالمطلوب) لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایسی روایات اسرائیلیات میں ہیں حضرت ایوب علیہ السلام کے متعلق وہی ہے جو معتبر مفسرین نے نقل کیا صرف ایک حوالہ ملاحظہ ہو۔

حضرت ایوب علیہ السلام: آپ علیہ السلام بیمار ضرور ہوئے لیکن کیڑے کا پڑ جانا اسرائیلیات کی کاروائی ہے۔ قرآن مجید میں صرف اتنا ہے:

اَنِّی مَسَّنِیَ الضُّرُّ (پارہ ۱۷، سورۃ الانبیاء، ایت ۸۳)

ترجمہ: ''مجھے تکلیف پہنچی''۔

فائدہ: اس تکلیف کے متعلق مفسرین فرماتے ہیں آپ بیمار ہوئے تمام جسم شریف میں آبلے پڑے بدن مبارک سب

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.com

کا سب زخموں سے بھر گیا سب لوگوں نے چھوڑ دیا بجز آپ علیہ السلام کی بی بی صاحبہ کے کہ وہ آپ علیہ السلام کی خدمت کرتی رہیں اور یہ حالت سالہا سال رہی۔ آخر کار کوئی ایسا سبب پیش آیا کہ آپ نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی۔

مزید تفصیل کی ضرورت نہیں جو تحقیق حضرت یعقوب علیہ السلام کے مضمون میں ہے عرض کی گئی ہے وہی یہاں ہے۔

واللہ ورسولہ الاعلیٰ وعلم عزوجل و ﷺ

و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد و آلہٖ واصحابہ اجمعین ٥

فقط والسلام

مدینے کا بھکاری

الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی غفرلہٗ

بہاولپور۔ پاکستان،

۲۸ شوال ۱۴۲۰ھ، ۵ فروری ۲۰۰۰ء

بروز ہفتہ بارہ بجے

بزمِ فیضانِ اُویسیہ
www.Faizahmedowaisi.com

☆.....☆.....☆

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari